| اہم قومی ومقامی خبریں | مورخہ 03-07-2022 | اخبارات |
|---|---|---|
| 1۔بی اے پی کو عام انتخابات قبل وسعت دینگے،سردار صالح بھوتانی | | جنگ ودیگراخبارات |
| 2۔نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کررہے ہیں،نورمحمد دمڑ | | جنگ ودیگراخبارات |
| 3۔مسائل حل کرنے کیلئے وفاقی حکومت سنجیدہ ہے،مولانا عبدالواسع | | جنگ ودیگراخبارارت |
| 4۔بلوچستان میں بیروزگاری کے خاتمے کیلئے اقدامات اُٹھائے جارہے ہیں،شازیہ مری | | مشرق ودیگراخبارات |
| 5۔تمام حلقوں میں فنڈز کی یکساں تقسیم وزیراعلیٰ کی دوراندیشی ہے،ترجمان حکومت بلوچستان | | جنگ ودیگراخبارات |
| 6۔سماج دُشمن عناصر کی بیخ کنی کیلئے کوشاں ہیں،عبدالخالق شیخ | | جنگ ودیگراخبارات |
| 7۔لاپتہ افراد کی بازیابی اور قوم کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اُٹھائینگے،بی این پی | | مشرق ودیگراخبارات |
| 8۔بلدیاتی نظام اور اس کے اداروں کا شہریوں کو سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے،اے این پی | | مشرق ودیگراخبارات |

## امن و امان

مستونگ میں سی ٹی ڈی کا خفیہ اطلاع پر آپریشن 3 دہشت گرد ہلاک،فائرنگ حادثات 2 خواتین سمیت 6 جاں بحق 33 زخمی،ڈُکی میں موٹرسائیکل سواروں کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک،موسیٰ خیل سے لاپتہ ہونے والی معصوم بچی کی لاش مل گئی،ژوب،بھائی نے فائرنگ کرکے بھائی کو ہلاک کردیا،باغبانہ میں خاتون کے قتل کا معمہ حل شوہر ملوث نکلا۔

## عوامی مسائل

طویل لوڈشیڈنگ سے زراعت تباہ زمیندار کسان اتحاد کا کل سے کوئٹہ کراچی شاہراہ بند کرنے کا اعلان،تاجروں کے گھروں پر حملہ کرنے والوں کو گرفتار نہ کیا گیا تو صوبہ بھر میں احتجاج ہوگا،کوہلو میں تباہ کن بارشیں چیف آفیسر ہنگامی صورتحال میں بھی ڈیوٹی سے غائب،چاغی قلت آب شدت اختیار کرگئی شہری مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 03 JUL 2022 Page No. 1


## بی اے پی کو عام انتخابات سے قبل وسعت دینگے، سردار صالح بھوتانی

**پارٹی میں وکلاء کی شمولیت سے ظاہر ہوتا ہے، جماعت خود کو منوا رہی ہے، تقریب سے خطاب**

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے صوبائی صدر سینئر صوبائی وزیر بلدیات سردار صالح محمد بھوتانی نے کہا ہے کہ پارٹی اب آگے بڑھے گی اور ہم اسے وسعت دیں گے تمام ساتھیوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، وکلاء معاشرے کا باشعور طبقہ ہے یہ بات انہوں نے ہفتہ کو پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں پارٹی رہنما لونگین خان کاسی ایڈووکیٹ کی قیادت میں بی اے پی میں شامل ہونے والے وکلاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی اس موقع پر پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات وسماجی بہبود بشریٰ رند، وزیراعلیٰ کے پولیٹیکل سیکرٹری ملک خدا بخش لانگو، شاہ زمان علوزئی، ارباب شائستہ خان، محب ترین، انور ایڈووکیٹ ودیگر بھی موجود تھے، سینئر صوبائی نے کہا کہ وکلاء، معاشرے کا باشعور طبقہ ہیں انہیں دلیل اور منطق سے قائل کرنا پڑتا ہے آج وکلاء کے شامل ہونے سے یہ بات ظاہر ہوتی ہے کہ ہم وکلا برادری میں خود کو منوا رہے ہیں ہم بی اے پی کو آئندہ انتخابات سے قبل وسعت دیں گے۔

## نوجوانوں کو میرٹ پر روزگار فراہم کر رہے ہیں، نور محمد دمڑ

**محکمہ صحت زیارت میں 128 نوجوانوں کو تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب**

زیارت (پ ر) بی اے پی کے صوبائی جنرل سیکرٹری سینئر صوبائی وزیر منصوبہ بندی و ترقیات حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا ہے کہ حلقے کے بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کی فراہمی اولین ترجیح ہے اپنے چار سالہ دور میں حلقے کی مختلف محکموں کی خالی آسامیوں پر بلاتفریق میرٹ پر سیکڑوں نوجوانوں کو روزگار فراہم کیا اور مزید روزگار کی فراہمی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں کوشش ہے ہر گھر میں ایک نوجوان کو روزگار ملے بہت جلد لیویز میں میرٹ پر 250 نوجوانوں کو تعینات کیا جائے گا ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈی ایچ او آفس زیارت میں محکمہ صحت ضلع زیارت میں 128 نوجوانوں کو تعیناتی کے آرڈر تقسیم کرنے کے موقع پر خطاب میں کیا شرکاء سے ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد انور مندوخیل، بی اے پی کے حاجی محمد غوث پانیزئی، بی اے پی ضلع زیارت کے صدر عبدالستار کاکڑ، آل پاکستان پیرامیڈیکل اسٹاف فیڈریشن کے محمد نسیم کاکڑ، پیرامیڈیکس ایسوسی ایشن کے عبدالستان سارنگزئی نے بھی خطاب کیا صوبائی وزیر نے کہا کہ ہرنائی اور زیارت کے اضلاع کی ترقی ہماری اولین ترجیح ہے۔

## مسائل حل کرنے کیلئے وفاقی حکومت سنجیدہ ہے، مولانا عبدالواسع

**بجلی پلانٹس کی مرمت نہ ہونے کے باعث لوڈشیڈنگ جاری ہے، گفتگو**

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت بلوچستان کے امیر مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ موجودہ وفاقی حکومت مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے ملک کو جلد بحرانوں سے نکالا جائے گا اس وقت تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کر رہی ہے جس سے ملک جلد ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن ہوگا انہوں نے جمعیت کے ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سابقہ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے ملک کے حالات ٹھیک نہیں جسے درست کرنے کیلئے ہم جدوجہد کر رہے ہیں ماضی میں بجلی پلانٹس کی مرمت کا کام نہیں کیا گیا جس کے باعث لوڈشیڈنگ جاری ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## بلوچستان میں بیروزگاری کے خاتمے کیلئے اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں، شازیہ مری

**نشوونما سینٹر سے خواتین اور نومولود بچوں کے حوالے سے آگاہی اور مالی مدد دی جائے گی، وفاقی وزیر**

**قلات کے مسائل سے وزیراعظم کو آگاہ کرینگے، اظہار خیال، بینظیر نشوونما پروگرام سینٹر کا افتتاح**

قلات (نمائندہ مشرق، آن لائن) وفاقی وزیر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام شازیہ مری کا دورہ قلات ایم این اے پی پی روبینہ عرفان کے ہمراہ۔ بینظیر........

بقیہ نمبر30 صفحہ 9 پر

نشوونما پروگرام سینٹر کا افتتاح کیا اس موقع پر ڈائریکٹر جنرل او ایم حماد مری ڈائریکٹر جنرل نوید اکبر ڈائریکٹر جنرل ڈس بلوچستان عبدالجبار ڈپٹی کمشنر مہر اللہ بادینی ایس پی عبدالروف بزنجو سابق صوبائی وزیر پرنس آغا عرفان کریم نوابزادہ میر شعیب جان زہری سردار شکیل احمد دہوار ارباب نعیم جان دہوار ودیگر موجود تھے اس موقع پر وفاقی وزیر شازیہ مری نے کہا کہ۔ نشوونما سینٹر سے خواتین کو ان کے اور انکے نومولود بچوں کے حوالے سے آگاہی اور مالی مدد دی جا?ے گی۔ نشوونما پروگرام کو کامیاب بنانے کے ل?ے 22 بلین روپے مختص کیے گ?ے ہیں۔۔ بینظیر نشوونما پروگرام ورلڈ فوڈ پروگرام کی جانب سے ٹیکنیکل تعاون پر ان کا شکریہ ادا کرت?ے ہیں۔ بینظیر نشوونما سینٹر ہر ضلع میں قائم کیا جا رہا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں وفاقی وزیر شازیہ مری نے کہا کہ۔ پاکستان خوش قسمت ملک ہے کہ جس میں بینظیر جیسی بیٹیاں پیدا ہوتی ہیں۔ بینظیر بھٹو کو شہید تو کر دیا گیا مگر انکی سوچ فلسفہ اور فکر آج بھی موجود ہیں۔۔ پاکستان کے قیام میں قلات کے لوگوں کی قربانیاں لازوال ہیں۔۔ قلات کے عوام کو درپیش مسا?ل سے وزیر اعظم میاں شہباز شریف کو آگاہ کروں گی اس دوران قلات ضلعی انتظامیہ کی جانب سے بہترین سیکورٹی کے انتظامات کیے گئے تھے۔ دوسری جانب قلات میں پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات و بے نظیر انکم سپورٹ کی چیئر پرسن شازیہ عطا مری نے پاکستان پیپلز پارٹی رخشان ڈویژن کے صدر نعیم بلوچ اور ضلع واشک کے صدر احسان اللہ سالانی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتے ہیں پسماندگی اور محرومیوں کا ازالہ کر کے رہیں گے بلوچستان وسیع و عریض رقبے پر پھیلا ہوا صوبہ ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2 Dated: 03 JUL 2022 Page No. 3


# بلدیاتی انتخابات 8 اضلاع کے 13 وارڈز میں ری پولنگ آزاد امیدواروں نے میدان مارلیا

پنجگور یونین کونسل 6 کلگ وارڈ نمبر 1 کفایت اللہ وارڈ نمبر 5 سے عبدالحمید تربت یوسی 61 وارڈ نمبر 7 سے واجہ مولا داد آسکانی کامیاب

پشتونخوامیپ کے طارق عزیز، جمیعت کے عبدالاحد، جمال الدین، بی اے پی کے عبدالولی اور پی ٹی آئی کے سردار نور احمد الیکشن جیت گئے

ژوب سے آزاد امیدوار نقیب شاہ، گل محمد قلعہ عبداللہ سے عصمت اللہ پہلوان ری پولنگ میں بھاری اکثریت سے کامیاب، غیر حتمی نتائج جاری

کوئٹہ و اندرون صوبہ (سٹی رپورٹر، نامہ نگاران) بلوچستان کے 8 اضلاع کے 13 وارڈز میں بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے ری پولنگ کے بعد غیر سرکاری، غیر حتمی نتائج سامنے آگئے زیادہ تر آزاد امیدواروں نے میدان مارلیا، غیر سرکاری......

بقیہ نمبر 4 صفحہ 9 پر

غیر حتمی نتائج کے مطابق پنجگور کی یونین کونسل 6 کلگ وارڈ نمبر 1 آزاد امیدوار کفایت اللہ 252 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ ان کے مدمقابل بی این پی عوامی کے امیدوار محمد اکرم 103 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے،، یونین کونسل 6 کلگ وارڈ نمبر 5 میں آزاد امیدوار عبدالحمید 43 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ اسکے مدمقابل آزاد امیدوار برکت جان 2 ووٹ حاصل کر سکے،، پنجگور کی یونین کونسل 16 سب تحصیل گچک وارڈ نمبر 5 سے جے یو آئی کے امیدوار محمد یاسین 63 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے اسکے مدمقابل بلوچستان عوامی پارٹی کے امیدوار احمد ل 5 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے،، ضلع کیچ تربت یوسی 61 وارڈ نمبر 7 سے آزاد امیدوار واجہ مولا داد آسکانی 197 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے جبکہ ان کے مقابل آزاد امیدوار فرید شاہ 104 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے،، نوشکی کی یونین کونسل نمبر 8 وارڈ نمبر 7 سے جمیعت علماء اسلام کے امیدوار عبدالاحد 118 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ بی این پی کے امیدوار عبدالمالک 99 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے،،، ژوب کی یونین کونسل نمبر 18 وارڈ نمبر 5 سے آزاد امیدوار نقیب اللہ شاہ 165 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے آزاد امیدوار پاشا خان نے 116 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے، ژوب کی یونین کونسل نمبر 1 وارڈ نمبر 3 سے آزاد امیدوار گل محمد نے 229 ووٹ لے کر کامیاب رہے جبکہ جے یو آئی کے بشیر احمد نے 76 ووٹ لیکر دوسرے نمبر رہے، سبی کی یوسی 8 وارڈ نمبر 3 سے پشتونخواہ میپ کے امیدوار ملک طارق عزیز نے 548 ووٹ لیکر میدان مارلیا آزاد امیدوار مرجان خان 78 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ میونسپل کمیٹی قلعہ عبداللہ کے وارڈ نمبر 7 سے آزاد امیدوار عصمت اللہ پہلوان 1612 ووٹ لیکر کامیاب قرار پائے پشتونخوامیپ کے شاہ جہان خان 21 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے، لورالائی میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 4 سے بلوچستان عوامی پارٹی کے عبدالولی 87 ووٹ لیکر کامیاب رہے جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے محبت خان 85 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے لورالائی میونسپل کمیٹی کے وارڈ نمبر 5 سے جے یو آئی ف کے مولوی جمال الدین 313 ووٹ حاصل کر کے کامیابی حاصل کی بلوچستان عوامی پارٹی کے عجب خان 168 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے، زیارت کی یونین کونسل 8 وارڈ 2 سے پی ٹی آئی کے سردار نور احمد خان بلامقابلہ کامیاب قرار پائے زیارت کی یونین کونسل 8 وارڈ 4 سے بلوچستان عوامی پارٹی کے داد محمد 268 ووٹ لیکر کامیاب رہے جبکہ جے یو آئی ف کے فضل محمد 223 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے قبل ازیں صوبے کے 13 وارڈز میں بلدیاتی انتخابات کے سلسلے میں پولنگ کا سلسلہ صبح 8 سے شام 5 بجے تک پرامن طور پر جاری رہا الیکشن کی نگرانی کے لئے کوئٹہ میں کنٹرول روم بھی قائم کیا گیا تھا

---

92 نیوز کوئٹہ

# بلوچستان میں پہلی خاتون ایس ایچ او تعینات



## سب انسپکٹر ثوبیہ خانم کی تھانہ کینٹ کوئٹہ میں تعیناتی

اسلام آباد (اسپیشل رپورٹر) بلوچستان کی تاریخ میں پہلی بار پولیس تھانے میں ایک خاتون پولیس افسر کو ایس ایچ او کو تعینات (باقی صفحہ 4 نمبر 33)

کر دیا گیا۔ سب انسپکٹر ثوبیہ خانم کو ریگولر تھانہ کینٹ کوئٹہ میں بحیثیت ایس ایچ او تعینات کیا گیا ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ نے کہا کہ خواتین ہر شعبے میں گرانقدر خدمات انجام دے رہی ہیں، خواتین کی قابلیت سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ خواتین مردوں کے شانہ بشانہ کام کر کے اپنی قابلیت کو اجاگر کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس میں بھی خواتین کو بلا خوف وخطر ایسا ماحول دینا ہماری اولین ترجیح ہے کہ وہ اپنے فرائض منصبی کی ادائیگی سے ملک وقوم کا نام روشن کر سکیں۔ ایس ایچ او ثوبیہ خانم نے آئی جی بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ادارے اور وطن عزیز پاکستان کا نام روشن کرنے میں اپنا کردار ادا کروں گی۔ انہوں نے کہا کہ خواتین کے لئے بلوچستان پولیس کا ماحول بہت اچھا ہے اور ہم قوم کی بیٹیاں، بہنیں اور مائیں ہیں، بلوچستان پولیس میں اپنے فرائض کی ادائیگی میں ہر مشکل گھڑی کا ڈٹ کر مقابلہ کریں گی، فرائض کی ادائیگی میں جان بھی دینا پڑی تو دریغ نہیں کریں گی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 JUL 2022 Page No. 4

## مسلم باغ ہر لحاظ سے ضلع کیلئے درکار معیار پر پورا اترتا ہے، پشتونخوامیپ

### کئی سال سے یکطرفہ طور پر بلوچ علاقوں میں اضلاع تشکیل دیئے جارہے ہیں، بیان

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آل پارٹیز سب ڈویژن مسلم باغ کے اس مطالبے کی حمایت کرتے ہوئے کہا ہے گیا کہ سب ڈویژن مسلم باغ کو ضلع کا درجہ دیکر ان کے جائز مطالبے کو تسلیم کیا جائے بیان میں کہا گیا ہے کہ کئی سال سے مسلسل یک طرفہ طور پر بلوچ علاقوں میں اضلاع کی تشکیل ہو رہی ہے جب بھی پشتون علاقوں سے برحق ضلع بنانے کا مطالبہ کیا جاتا ہے تو سب تحصیل سے بھی نیچے کی سطح کے بلوچ علاقوں میں ضلع تشکیل دیا جاتا ہے۔ جبکہ مسلم باغ سب ڈویژن طویل عرصے تک ضلع ژوب کا حصہ رہا ہے قلعہ سیف اللہ ضلع بننے کے بعد سب ڈویژن مسلم باغ قلعہ سیف اللہ کا حصہ رہا ہے حالانکہ مسلم باغ کو سب ڈویژن کا درجہ ملک بننے سے پہلے بھی حاصل تھا مسلم باغ رقبہ، آبادی اور ہر لحاظ سے ضلع کیلئے درکار معیار پر پورا اترنے کے باوجود سیاسی حکومتوں کی نظر اندازی کا شکار رہا ہے جو قابل افسوس اور قابل گرفت ہے۔

## حکمرانوں نے عوام کیلئے مشکلات کے پہاڑ کھڑے کر دیئے، جماعت اسلامی

### پی ٹی آئی کی طرح موجودہ اتحادی حکومت کے پاس بھی کوئی معاشی وژن نہیں، مولانا ہاشمی

کوئٹہ (پ ر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان مولانا عبدالحق ہاشمی نے کہا ہے کہ مہنگائی بدعنوانی بھاری سودی قرضے آئی ایم ایف غلام حکمرانوں کے تحفے ہیں۔ حکمرانوں کی غلامی بے حسی و غفلت اور امریکی غلامی و آئی ایم ایف کے دباؤ میں آکر سود کو جاری رکھ کر حکمران اللہ اور رسول سے جنگ کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ ڈالر اور پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں بار بار اضافہ حکمرانوں کی آئی ایم ایف غلامی و نوکری کو ظاہر کر رہی ہے۔ اے پی ڈی ایم کا مہنگائی، سود کو جاری رکھنے اور بھاری سودی قرضوں پر خاموشی لمحہ فکریہ ہے۔ جماعت اسلامی سودی معیشت، بدترین مہنگائی، بھاری سودی قرضوں اور بدعنوانی کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کر رہی ہے۔ عوام جماعت اسلامی کا ساتھ دیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے پٹرولیم کے بعد عوام پر بجلی کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر کے مشکلات کے پہاڑ کھڑے کر دیئے ہیں۔ یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے ظالم حکمرانوں کو عوام کا احساس ہی ختم ہو چکا ہے۔ ملک میں سطح غربت سے نیچے زندگی گزارنے والوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ ہو چکا ہے۔ قرضوں کے پہاڑ کھڑے کر دیئے گئے ہیں مگر ملک میں خوشحالی نظر آتی ہے اور نہ ہی عوام کی زندگیوں میں آسودگی نظر آتی ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کی طرح موجودہ اتحادی حکومت کے پاس بھی کوئی معاشی وژن نہیں۔ اے پی ڈی ایم جماعتیں اور پاکستان تحریک انصاف نے ملک کو دیوالیہ کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔ عوام نے ان سب کو آزما لیا ہے مگر کوئی بھی عوامی توقعات پر پورا نہیں اترا۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان میں غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچا دی، جمعیت نظریاتی

### کابینہ میں شامل جماعتوں کی خاموشی پر سوالیہ نشان اٹھ رہے ہیں زمینداروں کیساتھ ظالمانہ اقدامات میں برابر کی شریک، قادر لونی

### ڈیزل کی قیمتیں آسمان تک پہنچ گئیں، اندرون صوبہ مسلسل لوڈشیڈنگ سے کھڑی فصلیں باغات تباہ ہو رہے ہیں، عبدالاحد کہدائی و دیگر

کوئٹہ (اے این این) جمعیت علماء اسلام نظریاتی بلوچستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا حافظ عبدالاحد کہدائی نائب امیر مولانا محمد حیات نائب امیر مولانا عبدالروف نائب امیر سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی سرپرست مولانا خدائے نظر نائب امیر مفتی رحمت اللہ ڈپٹی جنرل سیکرٹری حاجی عبیداللہ حقانی حاجی حیات اللہ کاکڑ جوائنٹ سیکرٹری میر مبارک محمد حسنی سرپرست مولانا نعمت اللہ صوبائی سالار عبدالولی........

بقیہ نمبر 51 صفحہ 10 پر

ودیگر نے کہا کہ گرمی کی شدید لہر اور عین سیزن میں بجلی کی لوڈشیڈنگ نے عوام کو بے حال کر دیا لوڈشیڈنگ، وولٹیج کی کمی کے باعث بلوچستان میں زراعت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی ہے منصوبے کے تحت زمینداروں اور زراعت سے وابستہ افراد کا استحصال کیا جا رہا ہے صوبے کا واحد پیشہ زراعت ان سے چھینا جا رہا ہے ایسے میں خشک سالی میں 24 گھنٹے میں صرف دو سے تین گھنٹے بجلی فراہم کرنا کہاں انصاف ہے ایک طرف ڈیزل کی قیمتیں آسمان تک پہنچ چکے ہیں دوسری طرف لوڈشیڈنگ کی تسلسل ہے مسلسل لوڈشیڈنگ سے فصلات تباہ زمیندار پریشان فاقے پر مجبور ہو گئے وفاقی کابینہ میں شامل جماعتوں کی خاموشی بلوچستان کے زمینداروں کے ساتھ ہونیوالی کیسکو کے ظالمانہ اقدامات میں برابر کی شریک ہے اقتدار کی کرسیوں میں ان کو عوام اور زمینداروں کی کوئی فکر لاحق نہیں وفاقی حکومت سے صوبے کی جماعتیں بجلی کے لوڈشیڈنگ سے بلوچستان کو اس سیزن کے موقع پر لوڈشیڈنگ سے مستثنیٰ قرار دیتے انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں 80 فیصد عوام کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے بیس سال تک یہاں خشک سالی نے قحط کی صورتحال پیدا کر دی اب لوڈشیڈنگ نے زراعت کو مکمل تباہ کر دی انہوں نے کہا کہ شہر ناپرسان میں قلت آب اور لوڈشیڈنگ جیسے مسائل سے عوام کی چیخیں نکل رہی ہے لیکن سننے تک کوئی تیار نہیں ایک طرف بجلی کی لوڈشیڈنگ دوسرے طرف ملازمین کی تنخواہوں کی عدم ادائیگی سے عوام ٹینکر مافیا کے رحم و کرم پر ہے۔ طویل لوڈشیڈنگ سے گھریلو زندگی کے ساتھ کاروباری زندگی ٹھپ کر رہ گئی کاریں اور فیڈر کی خرابی کا مسئلہ خوب بہانہ بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ عید سے پہلے ہی ہر طرف چھا چکی ہے اور ہر شعبہ زندگی کو متاثر کر رہی ہے۔ وفاقی حکومت غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ اور وولٹیج کی کمی کے خاتمے کی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے مسائل سے نجات دلائے

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 3

Dated: 03 JUL 2022 Page No. 5

# لاپتہ افراد کی بازیابی اور قوم کے حقوق کیلئے ہر فورم پر آواز اٹھائینگے، بی این پی

## ساحل اور وسائل کا دفاع، گوادر میں قانون سازی اور مردم شماری میں افغان مہاجرین کو شامل نہ کرنے کیلئے طویل جدو جہد کی، موسیٰ بلوچ

### پارٹی کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت اور پذیرائی نے بہت سے لوگوں کو نفسیاتی مریض بنا دیا ہے، جلسے سے غلام نبی مری، جاوید بلوچ و دیگر کا خطاب

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی قائدین نے کہا ہے کہ بی این پی کی بڑھتی ہوئی عوامی مقبولیت اور عوامی پذیرائی نے بہت سے لوگوں کی نیندیں حرام اور انہیں نفسیاتی مریض بنا دیا ہے، جواب پارٹی کے خلاف جھوٹے بے بنیاد و جعلی انداز میں پارٹی کی خلاف سازشوں میں مصروف عمل ہیں تاکہ جھوٹ من گھڑت بیانات اور تقاریر کے ذریعے سے عوام کو گمراہ کرکے اپنی کرپشن عنا پرستی، مفاد......

بقیہ نمبر23 صفحہ 10 پر

پرستی، موقع پرستی، بے اصولی کردار اور سیاست کو چھپا سکیں، عوام ایسے قوتوں کو مسترد کر چکے ہیں جو حقیقی قوم وطن دوست، ترقی پسند رجحان رکھنے والے نیشنل ازم کی حقیقت آئی ڈیل جماعت بی این پی اور اسکے محبوب قائد سردار اختر جان مینگل کے خلاف آئے روز ہرزہ سرائی سے نہیں تھکتے، ان خیالات کا اظہار بلوچستان نیشنل پارٹی کے زیر اہتمام اتحاد کالونی کرانی روڈ میں گرینڈ شمولیتی جلسے سے بی این پی کے مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، سینٹرل ایگزیکٹیو کمیٹی کے اراکین و ضلعی صدر بی این پی کوئٹہ غلام نبی مری، چیئرمین جاوید بلوچ، آغا خالد شاہ دلسوز، ضلعی جنرل سیکرٹری میر جمال لانگو، ڈپٹی جنرل سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، ضلعی پروفیشنل سیکرٹری میر غلام مصطفیٰ سمالانی، سابق ضلعی صدر میر غلام رسول مینگل، نعمت مظفر ہزارہ، میر عبدالغفار منگھوی اور مولوی محمد عیسیٰ، حاجی عبدالستار محمد شہی نے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ملک عبدالستار محمد شہی، عبدالسلام شاہوانی، سید احمد ابجازئی، حاجی غلام رسول ڈہوار، بشیر احمد منگھوی، عبدالصمد مینگل، حمدان لہڑی، حاجی فتح محمد بلوچ، وحید [illegible]، اللہ داد بڑیچ، محمد عثمان مینگل سمیت دیگر نے اپنے درجنوں دوست و اقارب اور خاندانوں سمیت بی این پی میں باقاعدہ شمولیت کا اعلان کیا، اس موقع پر ضلعی سینئر نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، ضلعی فنانس سیکرٹری میر محمد اکرم منگھوی، ضلعی ہیومن رائٹس سیکرٹری پریس رزاق بلوچ، ملک نصیر کرد گزئی، ابوبکر لانگو اور عبدالرسول مینگل، کامریڈ مرتضیٰ مینگل سمیت دیگر عہدیداران بھی موجود تھے۔

# بلدیاتی نظام اور اسکے اداروں کا شہریوں کو سہولیات کی فراہمی میں کلیدی کردار ہے، اے این پی

## مسائل کے حل کیلئے میٹروپولیٹن ڈسٹرکٹ کونسل کچلاک کے تمام وارڈ میں بلدیاتی امیدوار میدان میں اتارے جائیں گے، مابت کاکا

### عوامی رابطہ مہم تیز کی جائے، جلد علاقے میں بلدیاتی انتخابات بارے انتخابی سیل قائم کیا جائے گا، جمال رشتیا، ارباب غلام و دیگر کی گفتگو

کوئٹہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے بلدیاتی اداروں کی فعالیت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی بلدیاتی اداروں کو فعال بنانے اور ان کو مالی اختیارات دلانے کو وقت اور حالات کا عین تقاضا سمجھتی ہے دنیا بھر میں بنیادی انسانی ضروریات زندگی بلدیاتی اداروں کے ذریعے سرانجام دیے جاتے ہیں جبکہ بدقسمتی سے ہمارے ہاں بلدیاتی اداروں کی........

بقیہ نمبر47 صفحہ 10 پر

اہمیت سے مسلسل انکار کیا جاتا رہا ہے عوامی نیشنل پارٹی میٹروپولیٹن ڈسٹرکٹ کونسل کچلاک کے تمام وارڈوں پر امیدوار کھڑے کریگی ان خیالات کا اظہار عوامی نیشنل پارٹی کے صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا ضلع کوئٹہ کے صدر جمال الدین رشتیا، نیشنل لائرز فورم کے چیئرمین ارباب غلام ایڈووکیٹ، ضلعی جنرل سیکرٹری نظر علی پیر علی زئی اور دیگر نے ضلع کوئٹہ میں مجوزہ بلدیاتی انتخابات تیاریوں کے سلسلے میں کچلاک بنیادی یونٹوں کے صدور سیکرٹریز سینئر اراکین کے مشترکہ اجلاس سے خطاب کے دوران کیا جس میں کثیر تعداد میں ساتھیوں نے اپنی تجاویز پیش کیں اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ بلدیاتی انتخابات میں بھرپور طریقے سے حصہ لیا جائیگا اجلاس کے شرکا نے میٹروپولیٹن سمیت کچلاک کے تمام یونین کونسلوں میں وارڈوں پر امیدوار کھڑے کرنے ان کی کامیابی کیلئے منظم انداز میں مہم چلانے کی اہمیت پر زور دیا اس سلسلے میں بہت جلد کچلاک میں بلدیاتی انتخابات بارے انتخابی سیل قائم کیا جائیگا اجلاس میں اس عہد کا اظہار کیا گیا کہ دنیا بھر میں بلدیاتی ادارے شہریوں کو بہتر نظم و نسق چلانے عوام الناس کو بہتر سروسز بہم پہنچانے میں کارگر اور مددگار ثابت ہوئی ہے۔

## کوہلو میں تباہ کن بارشیں چیف آفیسر ہنگامی صورتحال میں بھی ڈیوٹی سے غائب

بارش کا پہلا قطرہ گرتے ہی سڑکیں سیلاب کا منظر پیش کرنے لگیں، ہر طرف گندگی و تعفن، سیوریج کا نظام مکمل مفلوج

بارشوں کے بعد مچھروں کی بہتات سے مختلف بیماریاں سر اٹھانے لگیں، عوام کا کوئی پرسان حال نہیں

صوبائی وزیر کے فنڈز سے سیوریج لائنوں کی تعمیر و مرمت پر کروڑوں روپے افسران کی عدم دلچسپی و نااہلی کے باعث ضائع

حکام بالا مسائل کا ادراک کر کے عوام کو ریلیف پہنچانے کیلئے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات اٹھائیں، مطالبہ

کوہلو (نمائندہ مشرق) کوہلو میں بارش کی بوندیں گرنے کے ساتھ ہی نکاسی آب کا نظام مفلوج، شہر کی وسطی سڑکیں اور گلیاں تالاب کا منظر پیش کرنے لگیں میونسپل کمیٹی کوہلو کی نااہلی کھل کر سامنے آگئی رپورٹ کے مطابق کوہلو کی مرکزی سڑکیں بارش کا پہلا قطرہ گرتے ہی تالاب کا منظر پیش کر رہی ہیں، منصوبہ بندی کے فقدان اور متعلقہ محکمہ کی نااہلی کے باعث نکاسی آب کا نظام بری طرح مفلوج ہو گیا جس کے باعث شہر کے وسطی علاقوں کی سڑکیں اور گلیاں سیلاب کا منظر پیش کر رہی ہیں سیوریج لائنوں کی عدم تعمیر کے باعث گندا پانی سڑکوں پر جمع ہو گیا جس سے بدبو اور تعفن پھیلنے لگا اور مچھروں کی افزائش نسل میں اضافہ ہوا ہے دوسری جانب صوبائی وزیر کے فنڈز سے سیوریج لائنوں کی تعمیر و مرمت پر کروڑوں روپے افسران کی عدم دلچسپی، منصوبہ بندی کے فقدان اور نااہلی کے باعث ضائع ہو گئے حالیہ پری مون سون کی شدید بارشوں کے دوران چیف آفیسر میونسپل کمیٹی جائے تعیناتی سے غیر حاضر ہیں عوامی حلقوں نے چیف سیکرٹری بلوچستان اور کمشنر سبی ڈویژن سے فوری نوٹس لے کر افسران کی غفلت اور بے قاعدگیوں کا نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## چاغی قلت آب شدت اختیار کر گئی شہری مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور

چاغی میں قلت آب کا مسئلہ حل نہ ہو سکا، علاقہ کربلا بن گیا، بچے بوڑھے خواتین عرصہ دراز سے پینے کے پانی کیلئے سرگرداں ہیں

عوام کی مجبوریوں کو دیکھ کر ٹینکر مافیا نے پینے کے پانی کے نرخ میں اضافہ کر دیا، ہاشم نوتیزئی اور صادق سنجرانی مسئلہ حل کرائیں، شہری

چاغی (نامہ نگار) چاغی میں ٹینکرز مافیا کا راج،، چاغی شہر میں پانی بحران کے وجہ سے عوام سخت پریشان، پانی کی قلت سے چاغی شہر کربلا کا منظر پیش کرنے لگا ہے۔ چاغی کے عوام مہنگے داموں پانی خریدنے پر مجبور ہیں حکام نوٹس لیں تفصیلات کے مطابق چاغی

بقیہ نمبر 10 صفحہ 5 پر

میں موسم گرما کے باعث پانی کی قلت شہریوں کیلئے سب سے اہم مسئلہ بنا ہوا ہے چاغی شہر میں پی ایچ ای کی کہیں بھی کوئی واٹر سپلائی موجود نہیں ہیں چاغی میں ساڑھے آٹھ کروڑ کے پروجیکٹ مکمل نہ ہونے کی وجہ سے عوام کو پانی کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا ہیں چاغی میں ٹینکرز مافیا نے اپنے من مانی ریٹ مقرر کئے ہیں لیکن چاغی میں پانی کی ضرورت بڑھنے پر ٹینکر مافیا نے پانی کے ریٹس میں اضافہ کر دیا ہے چاغی میں ٹینکرز مافیا ارجنٹ کے نام پر 2000 روپے وصول لے رہے ہیں چاغی میں پانی کے قلت کی وجہ سے بچے، بوڑھے عورتیں دن بھر پانی کے تلاش میں سرگرداں ہیں چاغی میں ٹینکر مالکان ارجنٹ کے نام پر عوام کو لوٹ رہے ہیں چاغی کے عوامی حلقوں نے ایم پی اے چاغی میر عارف جان محمد حسنی، وفاقی وزیر توانائی میر محمد ہاشم نوتیزئی، اور چیئرمین سینیٹ میر صادق خان سنجرانی سے اپیل کی ہے چاغی میں پانی مسئلہ کو جلد حل کیا جائیں رپورٹ چاغی انتخاب نامہ نگار آغا گل ساسولی

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6 Dated: 03 JUL 2022 Page No. 10

# Quetta, a broken city

Presently, Quetta the provincial capital of Balochistan is facing a number of issues as the city presents a picture of dirty streets, overflowed sewerage lines, and garbage dumps at every street corner. Pollution is increasing with every passing day but no steps are being taken to control it. Unfortunately, natural hazards and human interference, and negligence have worsened the overall environmental situation in Quetta.

At present, work on different roads is underway but the pace of work is miserably slow, which has become a nightmare for nearby residents and motorists. The expansion work of Sariab Road and Sabzal Road was started about two years ago but still the work is continuing at a very slow pace. Therefore, Quetta city now appears to be in a state of criminal negligence.

Its roads and pathways are broken under the pretext of construction and repair. Ironically, the roads, streets and pathways are not even repaired after they are broken and left on the mercy of Metropolitan Corporation Quetta (MCQ). It is very unfortunate that roads, which are being constructed in different parts of the city, are not thoroughly surveyed by the concerned authorities. Therefore, there are many roads, which are in good condition but they are being broken while there are many roads that are in dilapidated condition and ignored. Province like Balochistan does not bear such wastage of resources, therefore it is essential that Chief Minister Balochistan Mir Abdul Quddus Bizenjo takes notice in this connection and immediately stop breaking roads, which are in good condition and attend those neglected deliberately. It sounds as if there is no proper mechanism or the authorities concerned do not follow it. As compared to other big cities of the country, Quetta is a very small one but lack of focus by successive governments it has become a failed case by now.

The population of Quetta city has increased manifold, therefore, now all areas of the city face shortage of water, sewerage and garbage issues. Likewise the transportation of the city has totally collapsed. They call Quetta city the 'face of Balochistan' but in reality they did not pay due focus to improve its infrastructure and administration. Therefore, today's Quetta seems like a broken and underdeveloped city.

The current situation is expected to worsen further due to inactive action plan as compared to the urgency required. Hopefully, the government will take steps for the improvement of Quetta city with sincerity and stop wastage of resources of the province.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ Dated: 03 JUL 2022 Page No.



صوبائی وزیر سید احسان شاہ اور سیکرٹری صحت صالح محمد ناصر مرکز 1122 کے اہلکاروں کی ریفریشر ٹریننگ کی اختتامی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

Century Express Quetta



سینئر صوبائی وزیر نور محمد دمڑ محکمہ صحت میں بھرتی ہونیوالوں میں آرڈر تقسیم کر رہے ہیں